ONE NATION
ONE PASSION
PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# چھٹا ون ڈے: زمبابوے سلیکٹ کی پاکستان شاہینز کے خلاف 32 رنز سے کامیابی، سیریز بھی جیت لی، کریگ ارون اور مبصر خان کی سنچریاں۔

**ہرارے، 27 مئی 2023:**

زمبابوے سلیکٹ نے پاکستان شاہینز کے خلاف ون ڈے میچوں کی سیریز چار دو سے جیت لی۔ ہفتے کے روز ہرارے میں کھیلے گئے چھٹے اور آخری ون ڈے میچ میں میزبان ٹیم نے 32 رنز سے کامیابی حاصل کرلی جس کی خاص بات کریگ ارون کی 195 رنز کی شاندار اننگز تھی۔

پاکستان شاہینز کی طرف سے مبصر خان نے بھی جارحانہ انداز میں بیٹنگ کرتے ہوئے سنچری اسکور کی۔

پاکستان شاہینز کے کپتان کامران غلام نے ٹاس جیت کر زمبابوے سلیکٹ کو پہلے بیٹنگ دی جس نے مقررہ پچاس اوورز میں 7 وکٹوں پر 385 رنز بنائے جو اس سیریز میں بننے والا سب سے بڑا اسکور ہے۔

جواب میں پاکستان شاہینز 49 اعشاریہ 2 اوورز میں 353 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

پاکستان شاہینز کو میچ کے پہلے ہی اوور میں جوئے لارڈ گمبی کی وکٹ مل گئی تھی جو بغیر کوئی رن بنائے محمد علی کی گیند پر کامران غلام کے ہاتھوں کیچ ہوئے لیکن اس کے بعد اینو سینٹ کایا اور کریگ ارون نے دوسری وکٹ کی شراکت میں 187 رنز کا اضافہ کرڈالا۔ یہ شراکت بھی محمد علی نے اینو سینٹ کایا کو آؤٹ کرکے ختم کی۔

اینو سینٹ کایا نے 79 گیندوں پر 92 رنز کی اننگز کھیلی جس میں 10 چوکے اور 3 چھکے شامل تھے۔

کریگ ارون نے سیریز میں اپنی دوسری سنچری جارحانہ انداز میں بیٹنگ کرتے ہوئے 89 گیندوں پر 13 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے مکمل کی۔ وہ 148 گیندوں پر 195 رنز کی شاندار اننگز کھیل کر آخری اوور میں رن آؤٹ ہوگئے۔ اس اننگز میں 22 چوکے اور 6 چھکے شامل تھے۔

یہ ایک روزہ کرکٹ میں کریگ ارون کا بہترین انفرادی اسکور بھی ہے اس سے قبل ان کا بہترین اسکور 168 رنز ناٹ آؤٹ تھا۔

یاد رہے کہ کریگ ارون نے پاکستان شاہینز کے خلاف چوتھے ون ڈے میں بھی شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 161 رنز اسکور کیے تھے۔

کریگ ارون اور رائن برل نے چھٹی وکٹ کی شراکت میں 71 رنز کا اضافہ کیا۔ رائن برل چار چوکوں کی مدد سے 31 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔

پاکستان شاہینز کی طرف سے فاسٹ بولر محمد علی سب سے کامیاب بولر رہے جنہوں نے سات اوورز میں 32 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔ عامر جمال نے دو وکٹیں 89 رنز دے کر حاصل کیں۔ مبصر خان اور قاسم اکرم کے حصے میں ایک ایک وکٹ آئی۔

پاکستان شاہینز کی پہلی تین وکٹیں صرف 50 رنز پر گر چکی تھیں۔ عمران بٹ 6 اور دورے کے سب سے کامیاب بیٹسمین عمیر بن یوسف 4 رنز بنا سکے۔ حسیب اللہ سات چوکوں کی مدد سے 35 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

کامران غلام چھ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 56 رنز بنا کر پویلین لوٹے۔ انہوں نے روحیل نذیر کے ساتھ چوتھی وکٹ کی شراکت میں 108 رنز کا اضافہ کیا۔

روحیل نذیر نے چھ چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے 91 گیندوں پر 87 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی۔

انہوں نے مبصر خان کے ساتھ پانچویں وکٹ کی شراکت میں 98 رنز کا اضافہ کیا۔

مبصر خان نے جارحانہ موڈ اختیار کرتے ہوئے 77 گیندوں پر 115 رنز بنائے جس میں 6 چوکے اور 8 چھکے شامل تھے۔ یہ ان کی ایک روزہ کرکٹ میں تیسری سنچری ہے انہوں نے ٹیم کو جیت سے ہمکنار کرنے کی کوشش کی لیکن اس میں کامیاب نہیں ہو پائے تاہم ان کی اننگز فائٹ بیک کی ایک بہترین مثال تھی۔

زمبابوے سلیکٹ کی طرف سے سکندر رضا نے 66 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

**مختصر اسکور۔**

زمبابوے سلیکٹ۔ 385 رنز 7 کھلاڑی آؤٹ (50 اوورز) کریگ ارون 195۔ اینو سینٹ 92 محمد علی 32 / 2 وکٹ۔

پاکستان شاہینز۔ 353 (49 اعشاریہ 2 اوورز) مبصر خان 115۔ روحیل نذیر 87۔ کامران غلام 56۔ سکندر رضا 66 / 3 وکٹ۔

-ENDS-

Media contact:

**Media and Communications Department**

P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4